69852 ـ دوران اذان بجلی منقطع ہوئی اور پھر بحال کیا اذان دوبارہ کہی جائے ؟

سوال

اگر بجلی منقطع ہوجانے کی صورت میں مؤذن لاؤڈ سپیکر کے بغیر اذان کہے، اور اذان ختم ہونے کے فورا بعد بجلی بحال ہو جائے تو کیا وہ لاؤڈ سپیکر میں دوبارہ اذان کہے، یا کہ پہلی اذان ہی کافی ہو گی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اذان کا مقصد لوگوں کو نماز کا وقت معلوم کرانا ہے، اس لیے اگر وہاں دوسری مساجد ہوں اور ان میں اذان ہوئی اور لوگوں نے اذان سن لی ہو تو مقصد پورا ہو جاتا ہے اس لیے دوبارہ اذان نہیں کہی جائیگی.

اور اگر سارے علاقے کی بجلی منقطع ہوئی ہو اور کسی شخص نے بھی اذان نہیں سنی تو اذان دوبارہ کہہ لے.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

" پہلی اذان ہی کافی ہے، اور دوبارہ کہنے کی کوئی ضرورت نہیں، کیونکہ اس کے ارد گرد اور مساجد بھی ہیں جن کی اذان لوگوں نے سن لی ہے، لیکن اگر وہاں اور کوئی مسجد نہ ہو صرف وہ اکیلی مسجد ہے تو پھر اذان دوبارہ کہہ لے تاکہ لوگوں کو نماز کے وقت کا علم ہو جائے " انتہی

دیکھیں: لقاءات الباب المفتوح فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین (3 / 53).

واللہ اعلم .